
مؤلف
شیخ نجم الدین طبسی

فہرست


انتساب *
مقدمہ *
۱ ۔ بے حجاب عورت *
۲ ۔ گھوڑ سواری *
۳ ۔ نا محرم سے آمنا سامنا *
٤ ۔ شوہر کی آمدن پر قناعت نہ کرنا *
٥ ۔ کفران نعمت *
٦ ۔ نیکی کا فراموش کر دینا *
۷ ۔ مذموم عورت *
۸ ۔ شوہر کے سامنے منہ چڑھانا *
۹ ۔ شوہر سے گلہ و شکوہ *
۱۰ ۔ عورت کی ذمہ داری *
۱۱ ۔ عورت کا زینت کرنا *
۱۲ ۔ عورت کا اپنے کو سنوارنا *
۱۳ ۔ زینت کر کے باہر نکلنا *
۱٤ ۔ شوہر کو اذیت پہنچانا *
۱٥ ۔ شوہر کو پریشان کرنا *
۱٦ ۔ شوہر کو زبان سے تکلیف پہنچان*
۱۷ ۔ شوہر کی ناپسندیدہ چیز کا گھر میں لانا *
۱۸ ۔ عورت کا گانا بجانا *
۱۹ ۔ موسیقی *
۲۰ ۔ صفائی کا خیال نہ رکھنا *
۲۱ ۔ طہارت کا خیال نہ رکھنا *
۲۲ ۔ نا محرم مرد کو گھر پہ لانا *
۲۳ ۔ شوہر کے سامنے منہ چڑھانا *
۲٤ ۔ شوہر سے بد اخلاقی *
۲٥ ۔ بد اخلاق عورت *
۲٦ ۔ شوہرکی نافرمانی *
۲۷ ۔ شوہرکی اجازت کے بغیر صدقہ دینا. *
۲۸ ۔ شوہر سے بے جا امید *
۲۹ ۔ ہمسر سے تندی کے ساتھ پیش آنا *
۳۰ ۔ ہمسر پر جادو کرنا *
۳۱ ۔ شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے نکلنا *
۳۲ ۔ عورت کا گھر سے باہر نکلنا *
۳۳ ۔ ہمسر کو ناراض کرنا *
۳٤ ۔ نا محرم کے ساتھ خلوت کرنا *
۳٥ ۔ نا محرم سے تنہائی *
۳٦ ۔ شوہر سے خیانت کرنا *
۳۷ ۔ حق مہر کا زیادہ ہونا *
۳۸ ۔ شوہر کو احسان جتلانا *

٣٩ ۔ شوہر کو احسان جتلانا *
٤٠ ۔ نافرمان بیوی *
٤١ ۔ دوسروں کو نفرین کرنا *
٤٢ ۔ ناپسند عورت *
٤٣ ۔ عورت کا فضول خرچی کرنا *
٤٤ ۔ ہمسایوں کو اذیت پہنچانا *
٤٥ ۔ سوکن کو اذیت پہنچانا *
٤٦ ۔ زنا میں واسطہ بننا *
٤٧ ۔ سونکن پر جادو کرنا *
٤٨ ۔ چیٹی کرنا *
٤٩ ۔ چیٹی کرنا *
٥٠ ۔ شہوت آمیز نگاہ *
٥١ ۔ غصے کی نگاہ *
٥٢ ۔ مباشرت *
٥٣ ۔ مباشرت *
٥٤ ۔ مردوں سے شباہت *
٥٥ ۔ قطع رحمی *
٥٦ ۔ اولاد کا قتل *
٥٧ ۔ طلاق *
٥٨ ۔ طلاق *
٥٩ ۔ زنا *
٦٠ ۔ زنا *
٦١ ۔ زبان درازی *
٦٢ ۔ ہمسر کی توہین *
٦٣ ۔ مستحب روزہ *
٦٤ ۔ چغل خور عورت *
٦٥ ۔ چغل خوری *
٦٦ ۔ گالیاں دینے والی عورت *
٦٧ ۔ ہمسر کے لئے دعا نہ کرنا *
٦٨ ۔ جھوٹ بولنے والی عورت *
٦٩ ۔ فاسق سے شادی کرنا *
٧٠۔ دست درازی *
٧١ ۔ بدن کا نہ چھپانا *
٧٢ ۔ نامحرم سے رابطہ *




**کتاب کا نام:گنہگار عورتیں**
**مؤلف: شیخ نجم الدین طبسی**
**مترجم: ناظم حسین اکبر**

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## انتساب

سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیھا کی سیرت پر عمل کرتے ہوئے دار بقاء سے دار فناء کی طرف منتقل ہونے والی تمام ماں بہنوں اور خاص طور پر اپنی پیاری بہن شمیم اختر کے نام

## مقدمہ

اسلام میں خاندان تشکیل دینے کی بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے اور چونکہ خاندان کا تشکیل دینا شادی کے بغیر ممکن نہیں ہے لہٰذا نکاح اور شادی کو اہم ترین مسائل میں سے شمار کیا گیا ہے اور اس کی ترغیب دلاتے ہوئے پیغمبر مرسل حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
'' نکاح میری سنت ہے اور جس نے میری سنت سے روگردانی کی وہ میری امت میں سے نہیں ہے " . نیز فرمایا : " جس نے شادی کی اس نے اپنا آدھا دین بچا لیا. " اور پھر فرمایا : شادی شدہ شخص کا سونا کنوار ے شخص کے دن کو روزہ رکھنے اور رات کو عبادت میں گذارنے سے بہتر ہے . امام صادق علیہ السلام شادی کی فضیلت کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں : " شادی شدہ شخص کی دو رکعت نماز ، کنوارے شخص کی ستر رکعت سے بہتر ہے " .
اور پھر شادی کے ترک کرنے کی مذمت بیان کرتے ہوئے رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا : " تم میں سے بد ترین افراد کنوارے ہیں . " نیز فرمایا : " اکثر جہنمی کنوارے ہوں گے " . اور پھر فرمایا : اگر کوئی شخص امکانات کے باوجود شادی نہ کرے تو اس کا شمار میری امت میں نہیں ہوگا .
زوجیت ایک نعمت ہے جس سے سکون زندگی اور رحمت و محبت کا جذبہ حاصل ہوتا ہے اسی اہمیت کی بناء پر پروردگار عالم نے مرد اور عورت دونوں کے الگ الگ وظائف مقررّ کئے ہیں لیکن بعض اوقات ان وظائف و احکام سے عدم آگاہی یا سستی و کوتاہی کتنے ہی خاندانوں کی بد بختی و نابودی کا باعث بن جاتی ہے .
اس کتاب میں عورت کے وظائف کو بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ اس پر عمل پیرا ہو کر ماں ، بہنیں ایک خالص اسلامی معاشرے کی تشکیل میں مددگار ثابت ہو سکیں . خدا ہر شریف انسان کو ایسی ازواج سے محفوظ رکھے جو مقصد کی راہ میں اس طرح حائل ہو جائیں کہ انھیں نہ دین خدا کا خیال رہے اور نہ شوہر کی عزت و عظمت کا .

و السلام علیٰ من اتبع الھدیٰ

**ناظم حسین اکبر ( ریسرچ اسکالر )**
ابوطالب علیہ السلام اسلامک انسٹیٹیوٹ لاہور
۲۹ ربیع الاول ۱٤۳۰ ہجری بمطابق ۲۷ مارچ ۲۰۰۹ ء

## گنہگار عورتیں

### ۱ . بے حجاب عورت

ایسی عورت جو اپنے سر کے بال نامحرم سے نہ چھپاتی ہو .
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

ليلة اسرى ابى الى السّماء ، رأيت نساءً من اُمتى فى عذاب شديد فأنكرت شأنهن فبكيت لما رأيت من شدت عذابهن ...
و رأيت امرئة معلّقة بشعرها يغلى دماغ رأسها .
( قال رسول الله صلى الله عليہ و آلہ و سلم ) : أمّا المعلقة بشعرها . فانها كانت لا تغطىّ شعرها من الرجال . ( ١ )
رسولخدا صلى الله عليہ و آلہ و سلم فرماتے ہیں :
شب معراج میں نے اپنی امت کی عورتوں کو شدید عذاب میں مبتلا دیکھا .
جنھیں دیکھکر مجھے سخت تعجب ہوا اور میں نے ان کے عذاب کی شدت کی وجہ سے گریہ کیا .
میں نے ایک عورت کو دیکھا جو اپنے بالوں سے لٹکی ہوئی تھی اور اس کا دماغ پگھل رہا تھا .
فرمایا : البتہ جو عورت اپنے سر کے بالوں سے لٹکی ہوئی تھی یہ ایسی خاتون تھی جو اپنے سر کے بالوں کو نامحرموں سے نہ چھپاتی تھی .

-------------

**( ١ ) عيون الأخبار ، ج ٢ ، باب ٣٠ ، حديث ٢٤ .**

٢ ـ گھوڑ سواری

ایسی عورت جو زین پر سوار ہوتی ہو
قال رسول الله صلى الله عليہ و آلہ و سلم :
و تشبہ الرجال بالنساء و النساء بالرجال و لتركبنّ ذوات الفروج السروج فعليهنّ من امّتى لعنة الله . ( ١ )
رسول خدا صلى الله عليہ و آلہ و سلم نے آخری زمانہ کی علامات کو ذکر کرتے ہوئے فرمایا :
مرد عورتوں کی شکل اختیار کرلیں گے اور عورتیں مردوں کی صورت اختیار کریں گی اور زین پر سوار ہوں گی .
میری امت کی ایسی عورتوں پر خداوند متعال کی لعنت ہے .

-------------

**( ١ ) تفسير قمى ٢ : ٣٣١ ـ ٣١٢ .**

٣ ـ نا محرم سے آمنا سامن

ایسی عورت جو اپنے کو نامحرموں کے سامنے پیش کرے
قال رسول الله صلى الله عليہ و آلہ و سلم :
ليلة اسرى بى الى السّماء ، رأيت نساءً من اُمتى فى عذاب شديد فأنكرت شأنهن فبكيت لما رأيت من شدت عذابهن ...
و رأيت امرئة تقطع لحم جسدها من مقدمها و مؤخرها بمقاريض من نار .
( قال رسول الله صلى الله عليہ و آلہ و سلم ) : أمّا الّتى كانت تقرض لحمها بالمقاريض فانها كانت تعرض نفسها على الرّجال . ( ١ )
رسول خدا صلى الله عليہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
میں نے شب معراج اپنی امت کی عورتوں کو سخت ترین عذاب میں مبتلا دیکھا جسے دیکھکر مجھے سخت تعجب ہوا اور میں نے ان پر ہونے والے عذاب کی شدت کو دیکھکر گریہ کیا .
میں نے ایک عورت کو دیکھا جس کے بدن کا گوشت آگ کی قینچی سے کاٹا جا رہا تھا.
وہ ایسی عورت تھی جو اپنے کو نامحرموں کے سامنے پیش کیاکرتی تھی .

-------------

**( ١ ) عیون الأخبار ٢ : باب ٣٠ ، حدیث ٢٤ .**

٤ ۔ شوہر کی آمدن پر قناعت نہ کرن

ایسی عورت جو اپنے شوہر کی آمدن پر قناعت نہ کرتی ہو
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
من کانت لہ امرئۃ لم توافقہ ، و لم تصبر علی ما رزقہ اللہ تعالیٰ . و شقت علیہ و حمّلتہ ما لم یقدر علیہ .
لم یقبل اللہ منھا حسنۃً تتقی بھا حرّ النار و غضب اللہ علیھا ما دامت کذلک . ( ١ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
ایسی عورت جو اپنے شوہر کی معیشت سے موافق نہ ہو اور خداوند متعال نے جو رزق اسے عطا کیا ہے اس پر راضی نہ ہو اور اس پر صبر نہ کرے اور ( اپنے شوہر سے )
سخت برتاؤ کرو . اس کی توان سے بڑھکر اس سے مطالبہ کرے تو خداوند متعال ایسی عورت کی نیکیوں کو قبول نہیں فرماتا .
اور جب تک وہ یہ رویہ اپنائے رکھے اس پر اپنا غضب نازل کرتا رہتا ہے .
--------------

**( ١ ) عقاب الأعمال : ٣٣٩ ؛ اعلام الدین : ٤١٩ .**

٥ ۔ کفران نعمت

ایسی عورت جو اپنے شوہر سے کہے کہ میں نے تجھ سے کوئی بھلائی نہیں دیکھی
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
رأیت اکثر أھل النّار ، النساء .
فقلت : یا حبیبی جبرئیل و لم ذلک ؟
فقال : بکفرھنّ .
فقلت : یکفرنّ باللہ عزّ و جلّ ؟!
فقال : لا ، و لکنّ یکفرن النعمۃ ؟
فقلت : کیف ذلک یا حبیبی جبرئیل ؟
فقال : لو أحسن الیھا زوجھا الدھر کلہ لم یبد الیھا سیّئۃً .
قالت : ما رأیت منہ خیراً قطّ . ( ١ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
میں نے ( معراج میں ) دیکھا کہ اکثر اہل جہنم عورتیں ہیں . تو جبرائیل ( ع )
سے کہا : اے میرے حبیب اس کی کیا وجہ ہے ؟
جواب دیا : یہ ان کے کفر کا نتیجہ ہے .
میں نے کہا : کیا وہ خدا کا انکار کرتی ہیں ؟
کہا : نہیں ، لیکن کفران نعمت ( نعمتوں کا انکار ) کرتی ہیں .
میں نے کہا : اے میرے حبیب جبرائیل ( ع ) ! وہ کیسے ؟
کہا : اگر ان کے شوہر پوری زندگی ان سے اچھا سلوک کرتے رہیں اور کبھی ان سے برائی بھی نہ کریں پھر بھی کہتی ہیں :
ہم نے تو آج تک تم سے کوئی نیکی دیکھی ہی نہیں .

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

-------------

**( ١ ) مستدرک الوسائل ١٤ : ٢٤٤ .**

٦ ـ نیکی کا فراموش کر دین

ایسی عورت جو اپنے شوہر کی نیکیوں کو فراموش کردے
قال الامام الصادق علیہ السلام :
أیّما امرئة قالت لزوجها : ما رأیت منک خیراً قطّ ، فقد حبط عملها . ( ١ )
امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں :
اگر کوئی عورت اپنے شوہر سے کہے : میں نے تجھ سے کبھی کوئی بھلائی نہیں دیکھی تو ایسی عورت کے اعمال ضائع ہو جاتے ہیں .

-------------

**( ١ ) مکارم الأخلاق ١ : ٤٦٥ .**

## گنہگار عورتیں

٧ ـ مذموم عورت
ایسی عورت جو اپنے شوہر کی نیکیوں کا انکار کردے
( قال رسول الله صلی الله علیہ و آلہ و سلم لجماعة من النساء یذکر لهنّ المذموم من صفاتهنّ :
انّ کنّ تکثرن اللعن و تکفرن النعمة .
تمکث احد اکنّ عند الرّجل عشر سنین فصاعداً ، یحسن الیها و ینعم الیها ـ فاذا ضاقت یده یوماً أو خاصمها .
قالت لہ : ما رأیت منک خیراً قطّ . ( ١ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے عورتوں کی مذموم صفات کو بیان کرتے ہوئے فرمایا :
وہ بہت زیادہ نفرین اور کفران نعمت کرتی ہیں . بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ ایک عورت کئی سال تک اپنے شوہر کے ساتھ زندگی کرتی ہے اور وہ ہمیشہ اس سے نیکی اور اس پر نعمتوں کی بارش کرتا رہتا ہے لیکن ایک مرتبہ جب وہ تنگدستی کا شکار ہوتا ہے تو کہنے لگتی ہے :
میں نے تو تجھ سے کبھی اچھائی نہیں دیکھی .
( ایسی عورت اپنے اس عمل سے کفران نعمت سے مرتکب ہوتی ہے . )

-------------

**( ١ ) تفسیر امام حسن عسکری علیہ السلام : ٦٥٧ .**

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

۸ ۔ شوہر کے سامنے منہ چڑھان

ایسی عورت جو شوہر کو دیکھ کر خوش نہ ہو
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
ما من امرئة نظرت الی زوجها ولم تضحک لہ الا غضب اللہ علیها فی کل شیء ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
اگر کوئی عورت اپنے شوہر پر نگاہ ڈالے اور مسکرائے نہ تو وہ غضب خدا کی مستحق قرار پاتی ہے .
-------------

**( ۱ ) عوالم علوم سیدۃ النساء علیها السلام و مستدر کاتها ۱ : ۵۲۵ .**

۹ ۔ شوہر سے گلہ و شکوہ

ایسی عورت جو اپنے شوہر سے بے جا شکوہ کرے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
ما من امرئة تشتکی زوجها الا غضب اللہ علیها . ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جو عورت اپنے شوہر سے گلہ و شکوہ کرے خداوند متعال اس پر اپنا غضب نازل فرماتا ہے .
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
لا یحلّ للمرئة أن تکلف زوجها فوق طاقتہ . ولا تشکوہ الی أحد من خلق اللہ . ( ۲ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
عورت کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ شوہر کو اس کی توان سے بڑھکر تکلیف میں ڈالے . اور نہ ہی یہ جائز ہے کہ وہ مخلوق خدا میں سے کسی سے اس کی شکایت کرے . (۳ )
-------------

**( ۱ ) مستدرک الوسائل ۱۴ : ۲۴۵ .**
**( ۲ ) مستدرک الوسائل ۱۴ : ۲۴۲ .**
**( ۳ ) ہاں البتہ اگر شوہر ظلم و زیادتی کرے تو ایسی صورت میں ممکن ہے کہ وہ اپنے حق کے حصول کی خاطر کسی سے شکایت کرے . ( مؤلف )**

۱۰ ۔ عورت کی ذمہ داری

ایسی عورت جو غیروں کے لئے زینت کرے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
من کانت منکن تو منّ باللہ و الیوم الآخر ، لا تجعل زینتها تغیر زوجها .
ولا تبدی خمارها و معصمها .
و ایما امرئة جعلت شیئاً من ذلک لغیر زوجها فقد أفسدت دینها.
و أسخطت ربها علیها . ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے خواتین کی ذمہ داری بیان کرتے ہوئے
فرمایا :
جو عورت خدا اور روز قیامت پر ایمان رکھتی ہو اس کے لئے شائستہ نہیں ہے کہ وہ اپنے شوہر کے علاوہ کسی دوسرے

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

کے لئے زینت کرے .
اور اگر کوئی عورت کسی غیر کے لئے زینت کرے تو اس نے اپنے اس عمل سے اپنے دین کو نابود کیا اور خدا کو اپنے اوپر غضبناک کیا .
--------------

**( ۱ ) مستدرک الوسائل ۱٤ : ۲٤٤ .**

۱۱ ۔ عورت کا زینت کرن

ایسی عورت اپنے شوہر کے لئے زینت نہ کرتی ہو
نھی النبی صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم النساء أن یکنّ معطّلات من الحلی ولا یتشبھن بالرجال و لعن صلی اللہ علیہ وآلہ و سلم من فعل ذلک منھنّ .
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
انی لأبغض من النساء السلتاء و المرھاء .
فالستاء : التی لا تختضب و المرھاء التی لا تکتحل . ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے اپنے شوہروں کے لئے زینت نہ کرنے والی عورتوں کو نہی فرمائی ہے اور ایسا کام نہ کرنے والی خواتین پر لعنت فرمائی ہے .
آنحضرت صلی اللہ علیہ آلہ و سلم نے فرمایا :
میں سلتاء اور مرھاء عورتوں کو دشمن رکھتا ہوں . سلتاء ایسی عورت ہے جو خضاب نہیں کرتی اور مرھاء ایسی عورت ہے جو آنکھوں میں سرمہ نہیں ڈالتی .
--------------

**( ۱ ) دعائم الاسلام ۲ : ۱٦۳ .**

۱۲ ۔ عورت کا اپنے کو سنوارن

ایسی عورت جو غیروں کے لئے اپنے کو سنوارتی ہو
نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم ان تتزین المرئة لغیر زوجھا . فان فعلت کان حقاً علی اللہ عزّ و جل أن یحرقھا بالنار . (۱)
و قال الامام الصادق علیہ السلام :
أیّما امرئة تطیبت لغیر زوجھا لم تقبل منھا صلاة
حتی تغتسل من طیبھا کغسلھا من جنابتھا . ( ۲ )
ترجمہ : رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے عورت کو اپنے شوہر کے علاوہ کسی
غیر کے لئے زینت کرنے سے نہی فرمائی ہے ( اور فرمایا ) اگر کوئی عورت ایسا کام کرتی ہے تو خداوند متعال پر ضروری ہے کہ وہ اسے آتش جہنم میں جلا دے .
اور امام صادق علیہ السلام نے فرمایا :
جو کوئی عورت اپنے کو شوہر کے علاوہ کسی دوسرے کے لئے سنوارے تو خداوند متعال اس وقت تک اس کی نماز قبول نہیں کرتا جب تک کہ وہ اسے غسل جنابت کے مانند دھو نہ ڈالے .
--------------

**( ۱ ) امالی شیخ صدوق ( رح ) : ۵۱۰ ، مجلس ٦٦ ، من لا یحضرہ الفقیہ ٤ : ۳ .**

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

**( ۲ ) اصول کافی ٥ : ٥۰۷ ، من لا یحضره الفقیہ ۳ : ۲۷۸ ، مکارم الأخلاق ۱ : ٤٦٥ .**

## گنہگار عورتیں

١٣ ۔ زینت کر کے باہر نکلن
ایسی عورت جو زینت کرکے شوہر کی اجازت کے بغیر باہر نکلے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
أیما امرئة تطیبت ثم خرجت من بیتها فهی تلعن حتی ترجع الی بیتها متی رجعت ( ۱ ) .
عن أبی عبد اللہ علیہ السلام قال : قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
أی امرئة تتطیب ثم خرجت من بیتها . فهی تلعن حتی ترجع الی بیتها متی رجعت . ( ۲ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جو کوئی عورت بن سنور کر شوہر کی رضا مندی کے بغیر گھر سے باہر نکلے تو جب تک واپس پلٹ کر نہ آ جائے تب تک اس پر لعنت ہوتی رہتی ہے .
اسی طرح امام صادق علیہ السلام نے فرمایا :
اگر کوئی عورت زینت کرکے گھر سے باہر نکلے تو اس کے واپس پلٹنے تک اس پر لعنت پڑتی رہتی ہے .
--------------

**( ۱ ) اصول کافی ٥ : ٥١٨ ؛ عوالی اللئالی ۳ : ۳۰۹ .**
**( ۲ ) عقاب الأعمال : ۳۰۸ .**

١٤ ۔ شوہر کو اذیت پہنچان

ایسی عورت جو اپنے شوہر کو اذیت پہنچاتی ہو
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
لیلة اسری ابی الی السّماء ، رأیت نساءً من اُمتی فی عذاب شدید فأنکرت شأنهن فبکیت لما رأیت من شدت عذابهن ...
رأیت امرئة معلّقة بلسانها و الحمیم یصبّ فی حلقها .
( قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ) : اما المعلقة بلسانها فانها کانت تؤذی زوجها . ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
شب معراج میں نے اپنی امت کی عورتوں کو سخت عذاب میں مبتلا دیکھا جس
سے میں بہت پریشان ہوا اور ان پر ہونے والے عذاب کی شدت کو دیکھکر گریہ کیا .
میں نے ایک عورت کو دیکھا جس کے منہ میں آگ کے انگارے ڈالے جا رہے تھے .
یہ ایسی عورت تھی جو ہمیشہ اپنے شوہر کو اذیت پہنچاتی رہتی تھی .
--------------

**( ۱ ) عیون الأخبار ۲ : باب ۳۰ ، حدیث ۲٤ .**

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

۱۵ ۔ شوہر کو پریشان کرن

ایسی عورت جو اپنے شوہر کو پریشان کرے
قال الامام الصادق علیہ السلام :
ملعونة ، ملعونة امرئة تؤذی زوجها و تغمّہ . و سعیدة ، سعیدة امرئة تکرم زوجها و لا تؤذیہ و تطیعہ فی جمیع أحوالہ . ( ۱ )
امام صادق علیہ السلام نے فرمایا :
ملعون ہے ملعون ہے ایسی عورت جو اپنے شوہر کو اذیت پہنچائے اور اسے پریشان و غمگین کرے .
ا ور خوشبخت ہے ، خوش بخت ہے ایسی عورت جو اپنے شوہر کا احترام کرے ، اسے اذیت نہ پہنچائے اور تمام امور میں اس کی اطاعت کرے .

--------------

**( ۱ ) کنز الفوائد ۱ : ۱۵۰ .**

۱٦ ۔ شوہر کو زبان سے تکلیف پہنچان

ایسی عورت جو زبان سے اپنے شوہر کو تکلیف پہنچاتی ہو
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
أیما امرئة آذت زوجها بلسانها ، لم یقبل اللہ عزّ و جلّ منها صرفاً و عدلاً ولا حسنة من عملها حتی ترضیہ .
و ان صامت نهارها و قامت لیلها ، و اعتقت الرقاب و حملت علی جیاد الخیل فی سبیل اللہ . و کانت فی اوّل من یرد النار . ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
ایسی عورت جو اپنے شوہر کو زبان سے تکلیف پہنچاتی ہو خداوند متعال اس کی کسی نیکی کو اس وقت تک قبول نہیں کرتا جب تک وہ اپنے شوہر کو راضی نہ کرلے . اگرچہ دن روزے سے اور پوری رات عبادت الٰهی میں گذارے اور خدا کی راہ میں کتنے غلام آزاد کروائے اور کتنے ہی گھوڑے صدقے میں دے دے . سب سے پہلے اسے جہنم میں ڈالا جائے گا .

--------------

**( ۱ ) من لا یحضرہ الفقیہ ٤ : ۸ ؛ امالی شیخ صدوق : ۵۱۵ ؛ مکارم الاخلاق ۱ : ٤٦۳ .**

۱۷ ۔ شوہر کی ناپسندیدہ چیز کا گھر میں لان

ایسی عورت جو شوہر کی ناپسندیدہ چیز گھر میں لے آئے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
ما من امرئة أدخلت الی بیتها ما یکرہ زوجها الا أدخل اللہ فی قبرها سبعین حیةً و سبعین عقربة ، یلدغونها الی یوم القیامة .
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
اگر کوئی عورت ایسی چیز گھر میں لے آئے جس سے اس کے شوہر کو نفرت ہو تو خداوند متعال اس کی قبر میں ستر سانپ اور ستر بچھو چھوڑے گا جو قیامت تک اسے ڈستے رہیں گے .

--------------

**( ۱ ) عوالم علوم سیدة النساء علیها السلام و مستدرکاتها ۱ : ۵۲۵ .**

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

۱۸ ۔ عورت کا گانا بجان

ایسی عورت کی کمائی کھانا جو گاناگاتی ہو
قال الامام الصادق علیہ السلام :
المغنية ملعونة . ملعون من أكل كسبها . ( ۱ )
امام صادق علیہ السلام نے فرمایا :
ملعون ہے ایسی عورت جو گانا گاتی ہو .
اور ملعون وہ شخص ہے جو اس کی کمائی کو ذریعہ معاش قرار دے .
--------------

**( ۱ ) اصول کافی ٥ : ١٢٠ ؛ تهذيب الاحكام ٦ : ٤٠٩ .**

گنہگار عورتیں

۱۹ ۔ موسیقی
ایسی عورت جو گانا گاتی ہو
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
ليلة اسرى بى الى السّماء ، رأيت نساءً من اُمتى فى عذاب شديد فأنكرت شأنهن فبكيت لما رأيت من شدت عذابهن ...
رأيت امرئة على صورة الكلب و النار تدخل فى دبرها و تخرج من فيها ، و الملائكة يضربون رأسها و بدنها مقامع من نار.
( قال رسول الله صلى الله عليه و آلہ و سلم ) :
امّا التى كانت على صورة الكلب ، و النار تدخل فى دبرها و تخرج من فيها . فانها كانت قينة نوّاحة حاسدة . ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
شب معراج میں نے اپنی امت کی عورتوں کو دیکھا جو سخت ترین عذاب میں مبتلا تھیں . میں ان کی اس حالت کو دیکھکر پریشان ہوا اور ان پر ہونے والے عذاب کی شدت کو دیکھکر گریہ کیا .
میں نے ایک عورت کو دیکھا جو کتے کی صورت میں تھی اور اس کے منہ سے آگ نکل رہی تھی . ملائکہ آگ کے گرز لئے اس کے سر و بدن پر ما ر رہے تھے .
آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
وہ گانے بجانے والی حاسد عورت تھی .
--------------

**( ۱ ) عيون الأخبار ۲ : ، باب ۳۰ ، حديث ٢٤ .**

۲۰ ۔ صفائی کا خیال نہ رکھن

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

ایسی عورت جو گھر کو گندا رکھتی ہو
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
لیلة اسری بی الی السّماء ، رأیت نساءً من اُمتی فی عذاب شدید فأنکرت شأنھن فبکیت لما رأیت من شدت عذابھن ...
رأیت امرئةقد شدّ رجلا ھا الی یدیھا . و قد سلّط علیھا الحیّات و العقارب .
( قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم ) : اما التی شدّ یداھا الی رجلیھا و سلط علیھا الحیات و العقارب .
فانھا کانت قذرت الوضوء قزرة الثیاب . و کانت لا تغتسل من الجنابة و الحیض ولا تتنظف .
و کانت تستھین بالصلاۃ . ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
شب معراج میں نے اپنی امت کی عورتوں کو شدید عذاب میں مبتلا دیکھا جسے
دیکھ کر میں سخت پریشان ہوا اور ان کے عذاب کی شدت کی وجہ سے گریہ کیا .
میں نے ایک عورت کو دیکھا جس کے ہاتھوں کو اس کے پاؤں سے باندھا ہوا تھا اور سانپ او ربچھوؤں کو اس پر مسلط کیا گیا تھا .
آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
وہ عورت جس کے ہاتھوں کو اس کے پاؤں سے باندھ کر اس پر سانپ و بچّھو چھوڑے گئے تھے وہ ایسی عورت تھی جو اپنے گھر کی صفائی کا خیال نہ رکھتی اور کپڑے بھی گندے رکھتی ، اسی طرح غسل حیض و جنابت نہ بجالاتی اور نہ ہی پاکیزگی کا ٰخیال رکھتی . اور نماز ادا کرنے میں سستی سے کام لیتی تھی .
-------------

**( ۱ ) عیون الأخبار ۲ : ، باب ۳۰ ، حدیث ۲٤ .**

۲۱ ۔ طہارت کا خیال نہ رکھن

ایسی عورت جو غسل حیض کا خیال نہ رکھتی ہو
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم فی أصناف المسوخ و سبب مسخھم :
... أما الأرنب فکانت امرئة لا تتطھرّ من حیض ولا غیرہ.(۱)
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے مسخ شدہ حیوانات کی اقسام اور ان کے مسخ ہونے کے اسباب کو بیان کرتے ہوئے فرمایا:
البتہ خرگوش ایسی عورت تھی جو غسل حیض وغیرہ کا خیال نہیں رکھتی تھی .
-------------

**( ۱ ) خصال : ٤۹٤ ؛ علل الشرائع ۲ : ، باب ۲۳۹ ، حدیث ۵ .**

۲۲ ۔ نا محرم مرد کو گھر پہ لان

ایسی عورت جو شوہر کی اجازت کے بغیر کسی نا محرم کو گھر لے آئے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
لا یحل لأمرئة أن تدخل بیتھا من قد بلغ الحلم . ولا تملأ عینھا منہ ولا عینہ منھا . ولا تأکل معہ ولا تشرب الا أن تکون محرماً علیھا ، و ذلک بحضرة زوجھا .
فان فعلت فقد سخط اللہ علیھا و من مقتھا و لعنتھا الملائکة.( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

کسی عورت کے لئے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر کسی نا محرم کو گھر میں لائے ...
اور اگر وہ ایسا کرے تو خدا کے غضب کی مستحق قرار پائے گی اور ملائکہ اس پر لعنت بھیجیں گے .
--------------

**( ١ ) مستدرک الوسائل ١٤ : ٢٨٦ .**

٢٣ ۔ شوہر کے سامنے منہ چڑھان

ایسی عورت جو اپنے شوہر کے سامنے چہرہ بگاڑے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
ما من امرئة عبست فی وجہ زوجها الا غضب اللہ علیها و زبانیة العذاب . ( ١ )
رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جو عورت اپنے شوہر کے سامنے چہرہ بگاڑے تو خداوند متعال اس پر غضبناک ہوتا ہے اور وہ عذاب الٰھی کی مستحق قرار پاتی ہے .
--------------

**( ١ ) عوالم علوم سیدة النساء علیها السلام و مستدرکاتها ١ : ٥٢٥ .**

٢٤ ۔ شوہر سے بد اخلاقی

ایسی عورت جو اپنے شوہر سے بد اخلاقی کرے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
من صبر علی سوء خلق امرأتہ و احتسبہ ، أعطاہ اللہ تعالیٰ بکل یوم و لیلة یصبر علیها من الثواب ما أعطی أیوب علیہ السلام علی بلائہ و کان علیہ من الوزر فی کل یوم و لیلة مثل رمل عالج .
فان ماتت قبل أن تعینہ و قبل أن یرضی عنها ، حشرت یوم القیامة منکوسة مع المنافقین فی الدرک الأسفل من النار . (١)
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جو شخص خداوند متعال کی خوشنودی کی خاطر اپنی بیوی کی بد اخلاقی کو تحمل کرے
تو خداوند متعال اسے ہر روز و شب کے بدلے میں حضرت ایوب علیہ السلام کے مصیبتوں پر صبر کرنے کے اجر کے برابر اجر و ثواب عطا کرے گا . اور اس عورت پر ہر روز و شب کے بدلے میں ریت کے ذروں کے برابر گناہ لکھا جائے گا .
چنانچہ اگر وہ عورت اپنے شوہر سے معافی مانگے بغیر اور اسے راضی کئے بغیر مر جائے تو روز قیامت اسے منافقین کے ہمراہ جہنم کے پست ترین طبقے میں محشور کیا جائے گا .
--------------

**( ١ ) عقاب الاعمال : ٣٣٩ .**

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

٢٥ ـ بد اخلاق عورت
ایسی عورت جو ہمسائیوں سے بد اخلاقی کرے
قیل لرسول الله صلی الله علیہ و آلہ و سلم :
ان فلانۃ تصوم النہار و تقوم اللیل وھی سیّئۃ الخلق ، تؤذی جیرانہا بلسانہا .
فقال صلی الله علیہ و آلہ و سلم :
لا خیر فیہا ، ھی من أھل النار . ( ١ )
رسول خدا صلی الله علیہ وآلہ و سلم کی خدمت میں عرض کیا گیا .
فلاں عورت دن میں روزہ رکھتی ہے اور رات عبادت میں گزارتی ہے جب کہ وہ بد اخلاق ہے اور اپنے ہمسائیوں کو زبان سے اذیت پہنچاتی ہے .
آنحضرت صلی الله علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
اس عورت میں بھلائی نہیں ہے اور وہ جہنمی ہے .
--------------

**( ١ ) تنبیہ الخواطر ١ : ٩٠ .**

٢٦ ـ شوہرکی نافرمانی

ایسی عورت جو اپنے شوہر کی نافرمانی کرتی ہو
قال الامام الصادق علیہ السلام فی أصناف المسوخ و سبب مسخھم ... أما العنکبوت فکانت امرئۃ سیئۃ الخلق ، عاصیۃ لزوجہا ، مولیّۃ عنہ فمسخہا الله عنکبوتاً . ( ١ )
امام صادق علیہ السلام نے مسخ شدہ حیوانات کی اقسام اور ان کے مسخ ہونے کے اسباب کو بیان کرتے ہوئے فرمایا:
... البتہ مکڑی ، بد اخلاق عورت تھی جو اپنے شوہر کی نافرمانی اور اس سے روگردانی کرتی . خداوند متعال نے اسے مکڑی کی صورت میں تبدیل کردیا .
--------------

**١ ـ خصال : ٤٩٣ ؛ علل الشرائع ٢ : ، باب ٢٣٩ ، حدیث ٤ .**

٢٧ ـ شوہرکی اجازت کے بغیر صدقہ دین

ایسی عورت جو اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر صدقہ دے
قال رسول الله صلی الله علیہ و آلہ و سلم :
لا ینبغی للمرئۃ أن تتصدق بشیء من بیت زوجہا الا باذنہ . فان فعلت ذلک کان لہ الأجر و علیہا الوزر . ( ١ )
و قال : ما من امرئۃ تصدّقت من مال زوجہا بغیر اذنہ الا کتب الله علیہا ذنوب سبعین سارقا . ( ٢ )
رسول خدا صلی الله علیہ وآلہ و سلم نے فرمایا :
عورت کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر گھر کی کسی چیز کو صدقہ کے طور پر دے .
اور اگر وہ ایسا کرتی ہے تو اس کا ثواب اس کے شوہر کو ملے گا جب کہ اسے عذاب ملے گا .

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
ایسی عورت جو اپنے شوہر کے مال میں سے اس کی اجازت کے بغیر صدقہ دے تو خداوند متعال ستر چور کا گناہ اس کے نامہ اعمال میں لکھ دے گا .
--------------

**( ۱ ) مستدرک الوسائل ۱٤ : ۲٤۱ . ( ۲ ) عوالم علوم سیدۃ النساء علیہا السلام و مستدرکاتہا ۱ : ٥۲٥ .**

۲۸ ۔ شوہر سے بے جا امید

ایسی عورت جو اپنے شوہر سے بیجا توقعات رکھتی ہو
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
أیما امرئة لم ترفق بزوجها و حمّلته علی مالا یقدر علیه ومالا یطیق ، لم یقبل الله منها حسنةً . و تلقی الله عز وجل و هو غضبان.(۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
ایسی عورت جو اپنے شوہر سے نرمی سے پیش نہ آئے اور اس سے ایسی چیز کی فرمائش کرے جس کی وہ قدرت نہ رکھتا ہو تو خداوند متعال اس کی نیکیاں قبول نہیں کرتا اور روز قیامت اس پر غضبناک ہوگا .
--------------

**( ۱ ) مکارم الاخلاق ۱ : ٤٦۳ ؛ من لا یحضرہ الفقیہ ٤ : ۹ .**

۲۹ ۔ ہمسر سے تندی کے ساتھ پیش آن

ایسی عورت جو اپنے شوہر سے سختی برتتی ہو
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
ما من امرئة تردّ علی زوجها الا علقت یوم القیامة بلسانها . و سمّرة کفیها بمسامیر من نار . ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جو عورت اپنے شوہر سے تندی و تیزی سے پیش آئے تو روز قیامت اسے زبان کے ساتھ لٹکایا جائے گا اور اس کی دونوں ہتھیلیوں میں آگ کی میخیں گاڑی جائیں گی .
--------------

**( ۱ ) مستدرک الوسائل ۱٤ : ۲٤۰ .**

۳۰ ۔ ہمسر پر جادو کرن

ایسی عورت جو شوہر کو نرم دل بنانے کے لئے جادو سے کام لے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم لامرئة سألته :
أنّ لی زوجاً و به علیّ غلظة و انّی صنعت شیئاً لأعطفه علیّ فقال لها رسول الله صلی الله علیه و آله و سلم :
أُفّ لک . کدرت البحار و کدّرت الطین . و لعنتک الملائکة الأخیار و ملائکه السماوات و الارض ... ( ۱ ) .
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے پاس ایک عورت حاضر ہوئی اور کہنے لگی :

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

میرا شوہر میرے ساتھ سختی سے پیش آتا ہے میں نے اسے اپنے لئے نرم دل بنانے کی خاطر جادو کیا ہے .
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
افسوس تجھ پر ، تو نے اپنے اس عمل سے چشموں اور دریاؤں کو نجس کر دیا اور ملائکہ زمین و آسمان نے تجھ پر لعنت کی ہے .

--------------

**( ۱ ) من لا یحضرہ الفقیہ ۳ : ۲۸۲ ، باب عقوبة المرئة علی أن تسحر زوجها ، مکارم الاخلاق ۲ : ۲۸۸ ، باب: فی السحر .**

گنہگار عورتیں

۳۱ ـ شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے نکلن
ایسی عورت جو شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر جائے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
أیما امرئة خرجت من بیت زوجها بغیر اذنہ لعنها کل شیئٍ طلعت علیہ الشمس و القمر الی أن یرضی عنها زوجها . ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جو عورت شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر نکلے تو دنیا کی ہر چیز اس پر لعنت بھیجتی ہے یہاں تک کہ اس کا شوہر اس سے راضی ہو .

--------------

**( ۱ ) عوالی اللئالی ۱ : ۲۵۵ . امالی شیخ صدوق : ۵۱۰ .**
**من لا یحضرہ الفقیہ ٤ : ۳ ؛ مکارم الأخلاق ۲ : ۳۰۸ ، تنبیہ الخواطر ۲ : ۲۵۷ .**

۳۲ ـ عورت کا گھر سے باہر نکلن

ایسی عورت جو باہر جاتے وقت شوہر سے اجازت طلب نہ کرے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
لیلة اسری بی الی السّماء ، رأیت نساءً من اُمتی فی عذاب شدید فأنکرت شأنهن فبکیت لما رأیت من شدت عذابهن ...
و رأیت امرئة معلّقةبرجلیها فی تنور من نار .
( قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم ) : اما المعلقة برجلیها فانها کانت تخرج من بیتها بغیر اذن زوجها . ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا : شب معراج میں نے اپنی امت کی عورتوں کو دیکھا جو شدید ترین عذاب میں مبتلا تھیں .
میں ان کی یہ حالت دیکھکر سخت پریشان ہوا اور ان پر ہونے والے عذاب کی سختی پر گریہ کیا ... میں نے ایک عورت کو دیکھا جو آگ کے تنور میں پاؤں سے لٹکی ہوئی تھی .
آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
البتہ جو عورت اپنے پاؤں سے لٹکائی گئی تھی وہ ایسی عورت تھی جو شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر جاتی تھی .

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

-------------

**( ۱ ) عیون الأخبار ۲ : ، باب ۳۰ ، حدیث ۲٤ .**

۳۳ ۔ ہمسر کو ناراض کرن

ایسی عورت جو اپنے شوہر کو ناراض کرے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
ویل لامرئۃ أغضبت زوجھا ، و طوبیٰ لامرئۃ رضی عنھا زوجھا . ( ۱ ) و قال صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
ما من امرئۃ غضب علیھا زوجھا ، ولم تسترض منہ حتی یرضی الا کانت فی سخط اللہ و غضبہ حتی یرضی عنھا زوجھا.(۲)
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
ہلاکت ہے ایسی عورت کے لئے جو اپنے شوہر کو ناراض کرے اور خوشخبری ہے ایسی عورت کے لئے جس سے اس کا شوہر راضی ہو
نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جس عورت کا شوہر اس سے ناراض ہو اور وہ اسے راضی کرنے کی کوشش نہ کرے تو خداوند متعال اس وقت تک اس سے ناراض اور اس پر غضبناک رہتا ہے جب تک کہ اس کا شوہر اس سے راضی نہ ہو جائے .

--------------

**( ۱ ) عیون الأخبار ۲ : ، باب ۳۰ ، حدیث ۲٤ .**
**( ۲ ) عوالم علوم سیدۃ النساء علیھا السلام و مستدرکاتھا ۱ : ۵۲۵ .**

۳٤ ۔ نا محرم کے ساتھ خلوت کرن

ایسی عورت جو نامحرم شخص کے ساتھ خلوت کرے
قال ابلیس علیہ اللعنۃ لنوح النبی علیہ السلام :
اذکری فی ثلاثۃ مواطن فانی أقرب ما أکون الی العبد اذا کان فی احداھن : اذکرنی اذا غضبت . و اذکرنی اذا حکمت بین اثنین. و اذکرنی مع امرئۃ خالیاً لیس معکما أحد . (۱ )
ابلیس ملعون نے حضرت نوح علیہ السلام سے کہا :
تین مقامات پر مجھے فراموش نہ کرنا اس لئے کہ وہاں میں انسان کے بہت قریب ہوتا ہوں .
۱ ۔ غصہ کے وقت .
۲ ۔ دو شخصوں کے درمیان فیصلہ کرتے وقت .
۳ ۔ نا محرم عورت کے ساتھ تنہائی و خلوت کے وقت .

-------------

**( ۱ ) خصال : ۱۳۲ .**

۳۵ ۔ نا محرم سے تنہائی

ایسی عورت جو نا محرم کے ساتھ تنہائی میں رہے
قال ابلیس علیہ اللعنۃ لموسی بن عمران علیہ السلام :

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

لا تخلون بامرئة لا تحل لہ الا کنت صاحبہ افتتنہ بھا . ( ۱ )
ابلیس ملعون نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا :
نا محرم عورت کے ساتھ خلوت نہ کرنا اس لئے کہ جس وقت کوئی شخص کسی نا محرم عورت کے ساتھ خلوت کرتا ہے تو میں وہاں پہ موجود ہوتا ہوں اور انہیں گناہ و معصیت پر ابھارتا ہوں .

--------------

**( ۱ ) تنبیہ الخواطر ۱ : ۱۰۳ .**

۳٦ ۔ شوہر سے خیانت کرن

ایسی عورت جو اپنے شوہر سے خیانت کرے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم فی اصناف المسوخ و سبب مسخھم :
و أما العنکبوت فمسخت لأنھا کانت خائنۃ للبعل و کانت تمکن فرجھا سوا . ( ۱ )
و قال الامام الرضا علیہ السلام فی اصناف المسوخ و سبب مسخھم :
الأرنب مسخ ، کانت امرئۃ تخون زوجھا ولا تغتسل من حیضھا . ( ۲ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے مسخ شدہ حیوانات کی اقسام بیان کرتے ہوئے ان کے مسخ ہونے کا سبب یوں بیان فرمایا:
البتہ مکڑی ایسی عورت تھی جو اپنے شوہر سے خیانت کرتی اور اپنے کو غیروں کے سامنے پیش کرتی .
نیز امام رضا علیہ السلام نے فرمایا :
خرگوش مسخ شدہ حیوان ہے وہ ایک ایسی عورت تھی جو اپنے شوہر سے خیانت کرتی اور غسل حیض و جنابت کا خیال نہیں رکھتی تھی .

--------------

**( ۱ ) اختصاص : ۱۳۷ .**
**( ۲ ) اصول کافی ٦ : ۲٤٦ .**

گنہگار عورتیں

۳۷ ۔ حق مہر کا زیادہ ہون
ایسی عورت جس کا حق مہر حد سے زیادہ ہو
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
ما من امرئۃ تثقل علی زوجھا المھر الا ثقل اللہ علیہ سلاسل من نار جھنم . ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جو عورت اپنے شوہر پر زیادہ حق مہر کا بوجھ ڈالے خداوند متعال روز قیامت اس پر آگ کی زنجیروں کا بوجھ ڈالے گا.

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

--------------

**( ۱ ) مستدرک الوسائل ١٤ : ٢٤١ .**

۳۸ ۔ شوہر کو احسان جتلان

ایسی عورت جو جہیز کے زیادہ ہونے کا احسان جتلائے
قال رسول الله صلی الله علیہ و آلہ و سلم :
لو أن جمیع ما فی الارض من ذهب و فضة حملتہ المرئة الی بیت زوجها ، ثم ضربت علی رأس زوجها یوماً من الأیام تقول :
من أنت ؟ انما المال مالی حبط عملها و لو کانت من أعبد الناس الا أن تتوب و ترجع و تعتذر الی زوجها . ( ۱ )
رسول خدا صلی الله علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
اگر عورت زمین کے اندر موجود سارا سونا چاندی جہیز کے طور پر شوہر کے گھر لے جائے لیکن ایک دن اسے شوہر کے سر پہ مار دے اور کہے :
تم کون ہو ؟ سارا مال تو میرا ہے . تو اس عورت کے نیک اعمال ضائع ہوجائیں گے یہاں تک کہ وہ پرہیزگار ترین خاتون ہی کیوں نہ ہو .
ہاں ! مگر ایسی عورت میں کہ وہ اپنے کئے پر پشیمان ہو اور شوہر سے معذرت خواہی کرے .

--------------

**( ۱ ) مکارم الأخلاق ١ : ٤٤١ .**

۳۹ ۔ شوہر کو احسان جتلان

ایسی عورت جو زیادہ مال رکھنے کی بنا پر احسان جتلائے
قال رسول الله صلی الله علیہ و آلہ و سلم :
أیما امرئة منت علی زوجها بما لها فتقول :
انما انت تاکل من مالی . ولو انّها تصدقت بذلک المال فی سبیل الله لا یقبل الله منها الا أن یرضی عنها زوجها . ( ۱ )
رسول خدا صلی الله علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جو عورت زیادہ مالدار ہونے کی وجہ سے شوہر پر احسان جتلائے اور اسے کہے: تم تو میرے مال سے کھا رہے ہو !
ایسی عورت اگر اپنا سارا مال راہ خدا میں انفاق کردے تو بھی خداوند متعال اس سے قبول نہیں کرے گا یہاں کہ اپنے شوہر کو راضی کرے .

--------------

**( ۱ ) مکارم الأخلاق ١ : ٤٤١ .**

٤٠ ۔ نافرمان بیوی

ایسی عورت جو شوہر کی نافرمانی کرتی ہو
قال رسول الله صلی الله علیہ و آلہ و سلم :
ثمانیة لا یقبل الله لهم صلاة ... النا شزة عن زوجها وهو علیها ساخط . ( ۱ )

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا:
آٹھ اشخاص ایسے ہیں کہ خداوند متعال جن کی نماز قبول نہیں فرماتا ... ان میں سے ایک اپنے شوہر کی نافرمان عورت ہے جس کا شوہر اس پر غضبناک ہو .

--------------

**( ۱ ) من لا یحضرہ الفقیہ ۱ : ۳٦ ، خصال : ٤۰۷ ، المواعظ : ۱۷ ، معانی الأخبار : ٤۰٤ ، محاسن برقی ۱ : ۷٦ .**

٤۱ ۔ دوسروں کو نفرین کرن

ایسی عورت جو بغیر وجہ کے دوسروں کو نفرین کرے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم فی حدیث المرئة التی لعنت ناقتھا فی السفر :
ضعوا عنھا فانھا ملعونة . ( ۱ )
حدیث میں آیا ہے کہ ایک عورت نے سفر میں اپنے اونٹ پر لعنت کی تو رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
اس سے دور ہو جاؤ اس لئے کہ یہ لعنت کی مستحق قرار پا چکی ہے . ( ۲ )

--------------

**( ۱ ) بحار الانوار ٦۱ : ۲۱۳ .**
**( ۲ ) اگر کسی حیوان پر لعنت کرنے کا اتنا بڑا گناہ ہے کہ انسان لعنت خدا کا مستحق قرار پا جاتا ہے تو پھر کسی انسان یا اپنی اولاد پر بیجا لعنت کرنے کا گناہ کتنا زیادہ ہوگا . ( مؤلف )**

٤۲ ۔ ناپسند عورت

ایسی عورت جو زیادہ لعنت کرنے والی ہو
( قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم لجماعة من النساء یذکر لھن المذموم من صفاتھنّ ) :
ان أکثر کن حطب جھنم ، انکن تکثرن اللعن و تکفرن العشیرة . ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے عورتوں کے ایک گروہ سے ان کی بری صفات کو ذکر کرتے ہوئے فرمایا :
بے شک تم میں اکثر جہنم کا ایندھن بنوں گی ( اس لئے کہ ) تم زیادہ لعنت کرتی ہو اور اپنے شوہر کی نسبت کفر ان نعمت سے کام لیتی ہو .

--------------

**( ۱ ) اصول کافی ۵ : ۵۱٤؛ اصول ستة عشر : ۲۲۵ ، طبع مؤسسہ دار الحدیث .**



Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

٤٣ ۔ عورت کا فضول خرچی کرن
ایسی عورت جو شوہر کی تو ان سے بڑھکر اس سے خرچ طلب کرے
قال رسول الله صلی الله علیہ و آلہ و سلم :
ایما امرئة أدخلت علی زوجها فی أمر النفقة و كلفته ما لا یطیق . لا یقبل الله منها صرفاً و لا عدلاً الا أن تتوب و ترجع و تطلب منہ طاقتہ . ( ١ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا : خداوند متعال ایسی عورت کی کوئی نیکی قبول نہیں فرماتا جو اپنے شوہر کی طاقت سے بڑھکر اس سے خرچ طلب کرے. ہاں البتہ ایسی صورت میں کہ وہ توبہ کرے اور اس سے اس کی طاقت کے مطابق طلب کرے .
-------------

**( ١ ) مكارم الأخلاق ١ : ٤١ ٤ .**

٤٤ ۔ ہمسایوں کو اذیت پہنچان

ایسی عورت جو ہمسائیوں کو اذیت پہنچاتی ہو
قالوا لرسول الله صلی الله علیہ و آلہ و سلم :
فلانة تصوم النهار و تقوم اللیل و تتصدق و تؤذی جارها بلسانها .
قال صلی الله علیہ و آلہ و سلم : لا خیر فیها . هی من اهْل النار.
قالوا : و فلانة تصلی المكتوبة و تصوم شهر رمضان ولاتؤذی جارها .
فقال صلی الله علیہ و آلہ و سلم : هی من أهل الجنة . ( ١ )
لوگوں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم سے ایک عورت کے بارے میں کہا : وہ دن روزے سے گزارتی ہے اور رات عبادت الٰھی میں، جب کہ اپنے ہمسائے کو اذیت بھی پہنچاتی ہے .
آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا : اس عوت میں بھلائی نہیں ہے اور وہ جہنمی ہے .
عرض کرنے لگے : اور فلاں خاتون واجب نمازیں ادا کرتی ہے اور واجب روزے بجالاتی ہے اور اپنے ہمسائیوں کو تکلیف بھی نہیں پہنچاتی .
فرمایا : وہ اہل بہشت میں سے ہے .
-------------

**( ١ ) مشكاة الأنوار ٢ : ٧١ .**

٤٥ ۔ سوکن کو اذیت پہنچان

ایسی عورت جو اپنی سونکن کے بارے میں بد گمانی رکھتی ہو
سلیمان بن عبد اللہ کہتے ہیں : میں امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے پاس بیٹھا تھا کہ ایک عورت کو لایا گیا جس کا منہ اس کی پشت کی طرف تھا .
امام علیہ السلام سے اس کی شفا کا تقاضا کیا گیا تو آپ ( ع ) نے اپنا دایاں ہاتھ اس کی پیشانی اور بایاں ہاتھ اس کے سر کے پیچھے رکھا اور تھوڑا دبایا پھر قرآن کی اس آیت کی تلاوت کی :
( اِنَّ اللہَ لا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِأَنْفُسِھِمْ . خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی ۔ نہ ہو جس کو خیال آپ اپنے بدلنے کا )
اچانک دیکھا کہ اس کا چہرہ اپنی اصلی حالت پر آچکا ہے . اس وقت امام علیہ السلام نے اس عورت سے فرمایا : دوبارہ

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

اس برے عمل کا تکرار نہ کرنا .
مجلس میں موجود لوگوں نے پوچھا : مولا وہ کونسا برا عمل تھا ؟
آنحضرت نے جواب دینے سے انکار کردیا اور فرمایا : اگر یہ عورت خود بتانا چاہے تو بتا سکتی ہے .
لوگوں نے اس عورت سے پوچھا تو اس نے کہا :
میری ایک سوکن تھی آدھی رات کو جب میں نے کروٹ بدلی تو دیکھا کہ وہ اپنے بستر پر نہیں ہے میں نے گمان کیا کہ وہ میرے شوہر کے پاس سو رہی ہے . لیکن اچانک متوجہ ہوئی کہ وہ کمرے کے ایک گوشے میں بیٹھی ہے اور شوہر اس کے پاس نہیں ہے .
اسی بد گمانی کی وجہ سے مجھے یہ سزا ملی کہ میری صورت پشت کی طرف مڑ گئی.(۱)
--------------

**( ۱ ) تفسیر عیاشی ۲ : ۳۸۲ . حدیث طولانی ہونے کی وجہ سے عربی عبارت نقل نہیں کی گئی (مؤلف ) .**

٤٦ ۔ زنا میں واسطہ بنن

ایسی عورت جو زنا کے لئے واسطہ بنتی ہو
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
لیلة اسری بی الی السماء رأیت نساء من امتی فی عذاب شدید . فأنكرت شأنهن فبكيت لما رأيت من شدت عذابهنّ ...
و رأيت امرئة تحرق و جهها و يداها . و هی تأكل أمعائها .
و أما التی كانت تحرق وجهها و بدنها و هی تأكل أمعائها فانها كانت قوّادة . ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا:
شب معراج میں نے اپنی امت کی عورتوں کو شدید عذاب میں مبتلا دیکھا جنھیں دیکھکر میں سخت پریشان ہوا اور ان پر ہونے والے عذاب کی سختی پر گریہ کیا .
میں نے ایک عورت کو دیکھا جس کے ہاتھ اورچہرہ جلایا جارہا تھااور وہ اپنی آنتیں کھا رہی تھیں۔
آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
یہ ایسی عورت تھی جو زنا میں واسطہ بنا کرتی تھی
--------------

**( ۱ ) عیون الأخبار ۲ : ، باب ۳۰ ، حدیث ٢٤ .**

٤٧ ۔ سونکن پر جادو کرن

ایسی عورت جو اپنی سونکن پر جادو کرتی ہو
قال الامام الرضا علیہ السلام فی أصناف المسوخ و سبب مسخهم :
كان الخفاش امرئة سحرت ضرّة لها . فمسخها الله خفاشاً.(۱ )
امام رضا علیہ السلام نے مسخ شدہ حیوانات کی اقسام بیان کرتے ہوئے ان کے مسخ ہونے کا سبب یوں بیان فرمایا :
... البتہ چمگاڈر ایک عورت تھی جو اپنی سونکن پر جادو کیا کرتی تو خداوند متعال نے اسے اس صورت میں تبدیل کردیا .
--------------

**( ۱ ) علل الشرائع ۲ : باب ۲۳۹ ، حدیث ٤ .**

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

۴۸ ۔ چپٹی کرن

ایسی عورت جو دوسری عورت سے لذت لے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
انّ أخوف ما أخاف علی امتی عمل قوم لوط . فلیرتقب امتی العذاب . ( ۱ )
( و قال صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم فی أشراط الساعۃ ) : و عندھا یکتفی الرجال بالرجال و یکتفی النساء بالنساء فعلیھنّ من امتی لعنۃ اللہ . ( ۲ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا:
مجھے اپنی امت کے بارے میں سب سے زیادہ خوف اس بات کا ہے کہ کہیں وہ عمل قوم لوط میں مبتلا نہ ہو جائیں .
مرد مردوں پر اکتفا کرنے لگیں اور عورتیں عورتوں پر . اگر وہ ایسا کریں تو انہیں چاہئے کہ عذاب کے منتظر رہیں .
نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے آخری زمانہ کی علامات کو ذکر کرتے ہوئے فرمایا :
اس وقت مرد مردوں سے اور عورتیں عورتوں سے لذت لینے میں مشغول ہو جائیں گی ... پس خدا کی لعنت ہو میری امت کی ایسی عورتوں پر۔

چڑھ ہے چپٹی سے پر تری خاطر
پڑ گیا ہے یہ خواہ نخواہ کا شوق
--------------

**( ۱ ) مستدرک الوسائل ۱۴ : ۳۴۷ .**
**( ۲ ) تفسیر قمی ۲ : ۳۱۱ ۔ ۳۱۲ .**

گنہگار عورتیں

۴۹ ۔ چپٹی کرن
ایسی عورت جو دوسری عورت سے لذت حاصل کرتی ہو
(قالت امرئۃ للامام الصادق علیہ السلام ) :
أخبرنی عن اللواتی باللواتی ، ما حدھنّ فیہ ؟
قال علیہ السلام : حد الزنا ۔
انہ اذا کان یوم القیامۃ اتی بھنّ و ألبسن مقطعات من نار .
و قمعن بمقامع من نار ، و سر بلن من النار ، و أدخل فی أجوافھنّ الی رؤوسھنّ أعمدۃ من نار ، و قذف بھنّ النّار .
أیتھا المرئۃ انّ اول من عمل ھذا العمل قوم لوط . و استغنی الرجال بالرجال ، فبقین النساء بغیر رجال . ففعلن کما فعل رجالھنّ، لیستغنی بعضھنّ ببعض . ( ۱ )
امام صادق علیہ السلام سے ایک عورت نے چپٹی کے بارے میں سوال کیا کہ اس کی کیا حدّ ہے ؟
تو امام علیہ السلام نے فرمایا : اس کی وہی حدّ ہے جو زنا کی ہے .
روز قیامت ان عورتوں کو آگ کے لباس پہنا کر ، آگ کے گرزوں سے ان کے سروں پر مارتے ہوئے لایا جائے گا . اور ان

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

کے بدن میں آگ کے ستون داخل کئے جائیں گے اور پھر انہیں آگ میں پھینک دیا جائے گا .
اے خاتون ! جان لے کہ سب سے پہلے قوم لوط ( ع ) نے یہ عمل انجام دیا . جب ان کے مرد مردوں سے لذت حاصل کرنے لگے اور عورتوں کو تنہا چھوڑ دیا تو انہوں نے بھی وہی عمل اپنایا جو ان کے مرد اپنا چکے تھے تاکہ وہ ایک دوسرے سے لذت حاصل کر سکیں .

--------------

**( ۱ ) اصول کافی ۳ : ۹۱ ؛ عقاب الأعمال : ۳۱۸ .**

۵۰ ـ شہوت آمیز نگاہ

ایسی عورت جو نامحرم کو شہوت کی نگاہ سے دیکھے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
اشتد غضب اللہ عزّ و جلّ علی امرئة ذات بعل ملأت عینها من غیر زوجها أو غیر ذی محرم منها ، فانها ان فعلت ذلک أحبط اللہ کل عمل عملتہ ... ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا:
جب کوئی شادی شدہ عورت کسی نامحرم پر شہوت کی نگاہ ڈالتی ہے تو اس وقت غضب الٰہی میں جوش آجاتا ہے . اور خدا اس عورت کے اعمال ضائع کردیتا ہے .

--------------

**( ۱ ) عقاب الأعمال : ۳۳۸ ، اعلام الدین : ۱۸ .**

۵۱ ـ غصے کی نگاہ

ایسی عورت جو اپنے شوہر کی طرف غصے سے دیکھے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
ما من امرئة ترفع عینها الی زوجها بالغضب الا کحلت برمادٍ من نار جهنم . ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا:
جو عورت اپنے شوہر کو غصے کی نگاہ سے دیکھے تو روز قیامت اس کی آنکھوں میں جہنم کی راکھ کا سرمہ ڈالا جائے گا .

--------------

**( ۱ ) مستدرک الوسائل ۱٤ : ۲٤۰ .**

۵۲ ـ مباشرت

ایسی عورت جو اپنے شوہر کو مباشرت سے انکار کردے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
اذا دعی الرجل امرأتہ الی فراشہ فأبت عصیاناً لعنتها الملائکة حتی تصبح . ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا:

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

جب کوئی مرد اپنی بیوی کو ہمبستری کی دعوت دے اور وہ نافرمانی کرتے ہوئے انکار کردے تو صبح ہونے تک ملائکہ اس پر لعنت کرتے رہتے ہیں .

--------------

**( ۱ ) روضة الواعظین ۲ : ۲٦۳ .**

۵۳ ۔ مباشرت

ایسی عورت جو اپنے شوہر کے پاس سونے سے انکار کرے

قال رسول الله صلی الله علیہ و آلہ و سلم :

لیلة اسری بی الی السماء رأیت نساءً من امتی فی عذاب شدید . فأنکرت شأنهن فبکیت لما رأیت من شدت عذابهنّ ...

و رأیت امرئة معلقة بثدییها .

( قال رسول الله صلی الله علیہ وآلہ و سلم ) : أما المعلقة بثییها فانها کانت تمتنع من فراش زوجها . ( ۱ )

رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا:

جب مجھے معراج پہ لے جایا گیا تو وہاں پہ میں اپنی امت کی عورتوں کو شدید عذاب میں مبتلا دیکھا .

مجھے اس پر بہت پریشانی ہوئی اور میں نے ان کے عذاب کی شدت کو دیکھ کر گریہ کیا...

وہاں میں نے ایک عورت کو دیکھا جسے اس کے پستانوں سے لٹکایا گیا تھا .

آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :

البتہ جسے پستانوں سے لٹکایا گیا تھا وہ ایسی عورت تھی جو اپنے شوہر کو ہمبستری کرنے سے منع کرتی تھی .

--------------

**( ۱ ) عیون الأخبار ۲ : ، باب ۳۰ ، حدیث ۲٤ .**

۵٤ ۔ مردوں سے شباہت

ایسی عورت جو مردوں کی صورت اختیار کرے

قال الامام الباقر علیہ السلام فی حدیث حول وظائف المرئة:

لا یجوز لها أن تتشبہ بالرجال ، لأن رسول الله صلی الله علیہ و آلہ و سلم لعن المتشبهین من الرجال بالنساء . و لعن المتشبهات من النساء بالرجال . ( ۱ )

امام باقر علیہ السلام نے خواتین کے وظائف کو بیان کرتے ہوئے ایک حدیث میں فرمایا :

عورت کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ مرد سے شباہت اختیار کرے اس لئے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے ایسے مردوں پر جو عورتوں کی صورت اختیار کریں اور ایسی عورتوں پر جو مردوں کی صورت اختیار کریں ، لعنت فرمائی ہے .

--------------

**( ۱ ) خصال : ۵۸۷ ؛ روضة الواعظین ۲ : ۱۱۸ .**

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

**۵۵ ۔ قطع رحمی**

ایسی عورت جو رشتہ داروں سے رابطہ قطع کرے

عن محمد بن مسلم عن أحدهما : انہ سئل عن امرئة جعلت ما لها هدياً . وكل مملوک لها حرّا ، ان كلمت اختها أبداً؟ قال عليہ السلام : تكلمها ، و ليس هذا بشیء . انّما هذا و شبهہ من خطوات الشيطان . ( ١ )

محمد بن مسلم نے امام باقر علیہ السلام یا امام صادق علیہ السلام میں سے کسی ایک سے روایت کی ہے :

آنحضرت ( ع ) سے ایک عورت کے بارے میں سوال کیا گیا جس نے یہ قسم کھائی تھی کہ وہ اپنی بہن کے ساتھ تا آخر عمر کلام نہیں کرے گی اور اگر وہ ایسا کرتی

ہے تو اپنا سارا مال ہدیہ کرے گی اور اپنے تمام غلاموں اور کنیزوں کو آزاد کردے گی .

امام علیہ السلام نے فرمایا :

اسے چاہیے کہ وہ اپنی بہن کے ساتھ بات چیت کرے اور یہ قسم درست نہیں ہے . بلکہ یہ اور اس طرح کے دوسرے امور شیطان کی پیروی کرنا ہے .

--------------

**( ١ ) من لا يحضره الفقيہ ٣ : ٢٢٨ ، تفسير عياشى ١ : ١٧٥ ؛ نوادر احمد بن عيسىٰ اشعرى : ٢٦ .**

٥٦ ۔ اولاد کا قتل

ایسی عورت جو ولادت کے وقت بچے کو قتل کر ڈالے

( قال الامام الصادق عليہ السلام ) :

كانت فی زمن أمير المومنين عليہ السلام امرئة صدق يقال لها : ام قيان . فأتا ها رجل من أصحاب أمير المومنين عليہ السلام فسلم عليها .

قال : فرآها مهتمّة ؟

فقال لها : مالی أراک مهتمة ؟

فقالت : مولاة لی دفنتها ، فنبذتها الأرض مرتين .

فدخلت على أمير المؤمنين عليہ السلام فأخبرتہ .

فقال عليہ السلام : ان الأرض لتقبل اليهودی و النصرانی ، فما لها ؟

الا أن تكون تعذب بعذاب الله عزّ و جلّ .

ثم قال عليہ السلام : أما انہ لو اخذت تربة من قبر رجل مسلم فألقى على قبرها فقرت .

قال : فأتيت ام قيان فأخبرتها ، فأخذوا تربة من قبر رجل مسلم فألقى على قبرها فقرت .

فسألت عنها : ما كانت حالها ؟

فقالوا : كانت شديدة الحبّ للرجال . لا تزال قد ولدت فألقت و لدها فی التنّور . ( ١ )

امام صادق علیہ السلام نے فرمایا :

امیر المومنین علیہ السلام کے زمانہ میں ایک نیک خاتون تھی جسے ام قیان کہا جاتا تھا .

امیر المؤمنین علیہ السلام کے ایک صحابی اُس کے پاس آئے اور سلام کیا تو دیکھا کہ وہ مشغول ہے . سوال کیا تو بتایا کہ میری مالک کا انتقال ہوا تو اسے دفن کرنا چاہا تو زمین نے اسے قبول کرنے سے انکار کردیاہے .

یہ صحابی کہتے ہیں میں علی علیہ السلام کی خدمت میں مشرف ہوا اور اس واقعہ کی خبر دی .

آپ ( ع ) نے فرمایا : زمین تو یہودی اور نصرانی کو بھی قبول کر لیتی ہے پس اسے کیا ہوا ؟

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

یقینا اس پر عذاب خدا نازل ہوا ہے .
اور پھر فرمایا : اگر کسی مسلمان کی قبر کی مٹی اٹھا کر اس عورت کی قبر میں ڈالی جائے تو وہ اسے قبول کرلے گی .
یہ صحابی کہتے ہیں : میں ام قیان کے پاس پہنچا اور اسے یہ خبر دی .
لوگوں نے ایسا ہی کیا تو قبر نے اسے قبول کر لیا .
میں نے اس عورت کے بارے میں پوچھا تو جواب دیا کہ اس نے بہت سے مردوں سے دوستی بنا رکھی تھی اور جب بھی اس کے ہاں کوئی بچہ پیدا ہوتا تو اسے تنور میں پھینک دیتی تھی .

--------------

**( ۱ ) اصول کافی ۷ : ۳۷۰ ، من لا یحضرہ الفقیہ ٤ : ۷۱ .**

۵۷ ـ طلاق

ایسی عورت جو لذت کی خاطر شوہر سے طلاق لے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
ان اللہ عز وجل یبغض أو یلعن کل ذوّاق من الرجال و کل ذوّاقة من النساء . ( ۱ )
و قال الامام الصادق علیہ السلام :
تزوجوا ولا تطلقوا ، فانّ الطلاق یھتز منہ العرش . ( ۲ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آ لہ و سلم نے فرمایا :
خداوند متعال تنوع طلب مردوں اور عورتوں پر غضبناک ہوتا ہے یا ان پر لعنت فرماتا ہے .
نیز امام صادق علیہ السلام نے فرمایا :
شادی کرو اور طلاق مت دو اس لئے کہ طلاق سے عرش الٰہی کانپ اٹھتا ہے .

--------------

**( ۱ ) اصول کافی ٦ : ٥٤ .**
**( ۲ ) مکارم الأخلاق ۱ : ٤۳۲ .**

۵۸ ـ طلاق

ایسی عورت جو بغیر کسی سبب کے شوہر سے طلاق طلب کرے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
ایما امرئة سألت زوجھا الطلاق فی غیرھا بہ بأس فحرام علیھا رائحة الجنة . (۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جو عورت بغیر کسی سبب کے اپنے شوہر سے طلاق کا تقاضا کرے تو اس پر جنت کی خوشبو حرام ہے .

--------------

**( ۱ ) روضة الواعظین ۲ : ٦۳۲ ، عوالی اللئالی ۳ : ۳۷۲ ، اور مکارم الأخلاق ۱ : ٤٦۳ پر رجوع فرمائیں .**

۵۹ ـ زن

ایسی عورت جو زنا سے اولاد پیدا کرے اور اسے شوہر کی طرف نسبت دے

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
لیلة اسری بی الی السماء ، رأیت نساء من امتی فی عذاب شدید فأنکرت شأنهن فبکیت لما رأیت من شدت عذابهنّ ...
رأیت امرئة صمّاء عمیاء ، خر ساء فی تابوت من نار ، یخرج دماغ رأسها من منخرها و بدنها متقطع من الجذام و البرص.
( قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم ) :
أما الصمیاء ، العمیاء ، الخرساء فانها کانت تلدمن الزنا . فتعلقہ فی عنق زوجها . ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جب مجھے معراج پر لے جایا گیا تو میں نے وہاں پہ اپنی امت کی عورتوں کو
سخت ترین عذاب میں مبتلا دیکھا . جس پر میں پریشان ہوا اور ان کے عذاب کی شدت پر گریہ کیا ...
میں نے ایک عورت کو دیکھا جو اندھی ، گونگی اور بہری تھی اسے آگ کے تابوت میں ڈالا گیا تھا اس کا مغز پگھل کر
اس کی ناک سے بہہ رہا تھا اور اس کا بدن پھوڑوں اور پھنسیوں سے بھرا ہوا تھا .
وہ ایسی عورت تھی جو زنا کا ارتکاب کرتی اور اس سے پیدا ہونے والی اولاد کو اپنے شوہر کی طرف نسبت دے دیتی تھی
.
-------------

**( ۱ ) عیون الأخبار ۲ : ۳۰ ، حدیث ۲٤ .**

٦۰ - زن

ایسی عورت جو زنا جیسے گناہ کبیرہ کا ارتکاب کرے
قال الامام الباقر علیہ السلام :
انما لعن رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آ لہ و سلم الواصلة و الموصولة التی تزنی فی شبابها .
فلما کبرت قادت النساء الی الرجال . (۱ )
امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں : بے شک رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے زنا کار اور زنا میں واسطہ بننے والی
عورت پر لعنت فرمائی ہے .
جو جوانی میں زنا سے مرتکب ہوتی رہی ہو اور جب بوڑھی ہوجائے تو عورتوں کو مردوں کے سامنے پیش کرنے لگے .
-------------

**( ۱ ) اصول کافی ٥ : ٥۲۰ ، تهذیب الأحکام ٦ : ٤۱۲ .**

گنہگار عورتیں

٦۱ - زبان درازی
ایسی عورت جو اپنے شوہر کے سامنے زبان درازی کرے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
ما من امرئة تردّ علی زوجها الا علّقت یوم القیامة بلسانها ، و سمّرت بمسامیر من نار . (۱ )

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جو عورت اپنے شوہر کے سامنے حاضر جوابی سے کام لیتے ہوئے زبان دراز کرے تو خداوند متعال روز قیامت اسے اس کی زبان سے معلق کر دے گا . اور اس کے ( ہاتھوں میں ) آگ کی میخیں گاڑی جائیں گی .
--------------

**(١ ) مستدرک الوسائل ١٤ : ٢٤٠ .**

٦٢ . ہمسر کی توہین

ایسی عورت جو شوہر سے کہے : اُف ہے تم پر
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
ما من امرئة قالت لزوجها : أُفّاً لک الا لعنها اللہ من فوق العرش و الملائکة و الناس اجمعین . ( ١ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جو عورت اپنے شوہر کے سامنے کہے : اُف ہے تم پر . تو خداوند متعال ، ملائکہ اور تمام لوگ اس پر لعنت کرتے ہیں .
--------------

**( ١ ) عوالم علوم سیدة النساء علیها السلام و مستدرکاتها ١ : ٥٢٤ .**

٦٣ . مستحب روزہ

ایسی عورت جو شوہر کی اجازت کے بغیر مستحب روزہ رکھے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
ما من امرئة تصوم بغیر اذن زوجها تطوّعاً لا لفرض شهر رمضان و غیره من النذر الا کانت من الآثمین . ( ١ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا :
جو عورت اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر ماہ رمضان یا نذر کے علاوہ مستحب روزہ رکھے تو وہ گناہ گار شمار ہوگی .
--------------

**( ١ ) مستدرک الوسائل ١٤ : ٢٤١ .**

٦٤ . چغل خور عورت

ایسی عورت جو دوسروں میں اختلاف ایجاد کرے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
لیلة اسری بی الی السماء ، رأیت نساءً من امتی فی عذاب شدید فأنکرت شأنهنّ فبکیت لما رأیت من شدّت عذابهنّ ... و رأیت امرئة رأسها رأس الخنزیر و بدنها بدن الحمار . فانها کانت نمّامة کذّابة . ( ١ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جب مجھے معراج پہ لے جایا گیا تو وہاں پہ میں نے اپنی امت کی عورتوں کو سخت عذاب میں مبتلا دیکھا . جسے دیکھ کر میں پریشان ہوا اور ان پر ہونے ولے عذاب کی سختی کو دیکھکر گریہ کیا...
میں نے ایک عورت کو دیکھا جس کا سر خنزیر کا تھا اور بدن گدھے کا . یہ وہ عورت تھی جو چغل خوری کیا کرتی اور

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

جھوٹ بولتی تھی .

--------------

**( ۱ ) عیون الأخبار ۲ : ، باب ۳۰ ، ۲٤ .**

٦٥ ـ چغل خوری

ایسی عورت جو لوگوں کو آپس میں لڑائے
قال رسول الله صلی الله علیہ و آلہ و سلم :
من مشی فی نمیمة بین اثنین سلّط الله علیہ فی قبرہ ناراً تحرقہ الی یوم القیامة . و اذا خرج من قبرہ سلّط الله علیہ تنّینا أسود ینهش لحمہ حتی یدخل النار . ( ۱ )
رسول خدا صلی الله علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جو شخص دو آدمیوں کے درمیان چغل خوری کی خاطر قدم بڑھائے تو خداوند متعال اس کی قبر میں قیامت تک کے لئے آگ کو مسلط کر دے گا .
اور جب قبر سے نکلے گا تو ایک سیاہ سانپ اس پر مسلط کردیا جائے گا جو اس کے جہنم میں داخل ہونے تک اس کے بدن کے گوشت کو کاٹتا رہے گا .

--------------

**( ۱ ) عقاب الأعمال : ۳۳۵ ؛ اعلام الدین : ٤۱٥ .**

٦٦ ـ گالیاں دینے والی عورت

ایسی عورت جو گالیاں دیتی ہو
قال الامام الصادق علیہ السلام :
سمع رسول الله صلی الله علیہ و آلہ و سلم امرئة تسبّ جاریة لها و هی صائمة ـ فدعا رسول الله صلی الله علیہ و آلہ و سلم بطعام .
فقال لها : کلی . فقالت : انی صائمة .
فقال صلی الله علیہ و آلہ و سلم : کیف تکونین صائمة و قد سببّت جاریتک ؟ انّ الصوم لیس من الطعام و الشراب . ( ۱ )
امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں :
رسول خدا صلی الله علیہ و آلہ و سلم نے ایک عورت کو حالت روزہ میں اپنی کنیز کو گالیاں دیتے سنا . تو کھانالانے کا حکم دیا اور اس عورت سے کہا : اسے کھاؤ . وہ کہنے لگی : میں تو روزے سے ہوں .
اس وقت آنحضرت ( ص ) نے فرمایا : تم کیسے روزے سے ہو جب کہ اپنی کنیز کو گالیاں دی رہی تھی .
بے شک روزہ فقط کھانے پینے سے اجتناب کا نام نہیں ہے . ( بلکہ انسان کے تمام اعضاء روزے سے ہونے چاہئیں ) .

--------------

**( ۱ ) اصول کافی ٤ : ۸۷ ؛ من لا یحضرہ الفقیہ ۲ : ٦۸ .**

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

٦٧ ۔ ہمسر کے لئے دعا نہ کرن
ایسی عورت جو اپنے شوہر کے لئے دعا نہ کرے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
ما من امرئة صلّت فرضها و دعت لنفسها و لم تدع لزوجها الا ردّ اللہ علیها صلاتها حتی تدعوا لزوجها . ( ١ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جو عورت نماز بجالائے اور اپنے لئے دعا کرے مگر اپنے شوہر کے لئے دعا نہ کرے تو خداوند متعال اس کی نماز کو ردّ کر دیتا ہے جب تک کہ وہ اپنے شوہر کے لئے دعا نہ کرے .
-------------

**( ١ ) عوالم علوم سیدة النساء علیها السلام ومستدركاتها ١ : ٥٣٥ .**

٦٨ ۔ جھوٹ بولنے والی عورت

ایسی عورت جو جھوٹ بولے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
لیلة اسری بی الی السماء ، رأیت نساءً من امتی فی عذاب شدید فأنکرت شأنهنّ فبکیت لما رأیت من شدّت عذابهنّ و رأیت امرئة رأسها رأس الخنزیر و بدنها بدن الحمار . فانها کانت نمّامة کذّابة . ( ١ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جب مجھے معراج پہ لے جایا گیا تو وہاں پہ میں نے اپنی امت کی عورتوں کو سخت عذاب میں مبتلا دیکھا . جسے دیکھ کر میں پریشان ہوا اور ان کے اوپر ہونے والے عذاب کی سختی کو دیکھکر گریہ کیا...
میں نے ایک عورت کو دیکھا جس کا سر خنزیر کا تھا اور بدن گدھے کا . یہ وہ عورت تھی جو چغل خوری کیا کرتی اور جھوٹ بولتی تھی.
-------------

**( ١ ) عیون الأخبار ٢ : ، باب ٣٠ ، ٢٤ .**

٦٩ ۔ فاسق سے شادی کرن

ایسی عورت جو کسی فاسق شخص سے شادی پر راضی ہو
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
أیما امرئة رضیت بتزویج فاسق فهی منافقة ، و جلست فی النار و اذا ماتت فتح لها فی قربها سبعون باباً من العذاب . و ان قالت : لا الہ الا اللہ . لعنها کل ملک بین السماء و الأرض . و غضب اللہ علیها فی الدنیا و الآخرة . و کتب علیها فی کل یوم و لیلة سبعین خطیئة . ( ١ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جو عورت کسی فاسق شخص سے شادی کرنے پر رضا مند ہو تو وہ منافق ہے اور
اس کا ٹھکانہ جہنم ہے . مرنے کے بعد قبر میں اس پر عذاب نازل کیا جائے گا . ملائکہ آسمان و زمین اس پر لعنت کرتے

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

ہیں خداوند متعال دنیا و آخرت میں اس پر غضبناک ہوتا ہے اور ہر دن و رات میں اس کے نامہ اعمال میں ستر گناہ لکھے جاتے ہیں .

--------------

**( ۱ ) ارشاد القلوب ۱ : ۳۳۱.**

۷۰۔ دست درازی

ایسی عورت جو شوہر پر ہاتھ اٹھائے
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
ما من امرئة تمتدّیدھا ، ترید أخذ شعرہ من زوجھا أو شق ثوبہ الا سمّر اللہ کفیھا بمسامیر من نار . ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا :
جو عورت اپنے شوہر کے بال پکڑنے یا اس کا لباس پھاڑنے کے قصد سے ہاتھ بڑھائے تو خداوند متعال ( روز قیامت ) اس کے ہاتھوں میں آگ کی میخیں گاڑ دے گا .

--------------

**( ۱ ) مستدرک الوسائل ۱٤ : ۲٤۰ .**

۷۱ ۔ بدن کا نہ چھپان

ایسی عورت جو نا محرموں سے اپنا بدن نہ چھپاتی ہو .
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم :
لیلة اسری بی الی السماء . رأیت نساءً من أُمتی فی عذاب شدید. فأنکرت شأنھنّ فبکیت لما رأیت من شدّت عذابھنّ ...
رأیت امرئة تأکل لحم جسدھا و النار توقد من تحتھا .
( قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم ) : و أما التی کانت تأکل لحم جسدھا ، فانھاکانت تزین بدنھا للناس . ( ۱ )
رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا : شب معراج میں نے اپنی امت
کی عورتوں کو سخت ترین عذاب میں مبتلا دیکھا جسے دیکھکر پریشان ہوا اور ان پر ہونے والے عذاب کی شدت پر گریہ کیا .
میں نے ایک عورت کو دیکھا : جو اپنے بدن کا گوشت کاٹ کاٹ کر کھا رہی تھی اور اس کے بدن کے نیچے سے آگ کے شعلے بھڑک رہے تھے .
یہ وہ عورت تھی جو اپنے بدن کو لوگوں کے لئے مزین کیا کرتی . ( اور اسے لوگوں سے نہ چھپاتی ) .

--------------

**( ۱ ) عیون الأخبار ۲ : ، باب ۳۰ ، حدیث .**

۷۲ ۔ نامحرم سے رابطہ

ایسی عورت جو نامحرم سے ناجائز رابطہ برقرار کرے
قال الامام الصادق علیہ السلام :

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com

ثلاثة لا يكلهم الله يوم القيامة ولا ينظر اليهم ولا يزكيهم ولهم عذاب اليم .
... و لامرائة توطئ فراش زوجها غيره . ( ۱ )
امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں :
روز قیامت خداوند متعال تین طرح کے لوگوں سے نہ تو ہم کلام ہوگا ، نہ تو ان پر نظر رحمت کرے گا ، نہ ان کو ( گناہوں) سے پاک کرے گا . اور ان کے لئے درد ناک عذاب ہے .
--------------

**( ۱ ) من لایحضرہ الفقیہ ٤ : ۸۳ . عقاب الاعمال ۲ : ۳۱ ، محاسن برقی ۱ : ۱۹۵ . اصول کافی ٥ : ٥٤۳ .**

Presented by http://www.alhassanain.com & http://www.islamicblessings.com